سوال

(55) نماز جمعہ کی صحت کے لیے کم از کم کتنے آدمی ہونا چاہییں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز جمعہ اور خطبہ کے قیام کے لیے کم از کم کتنے آدمیوں کا ہونا شرط ہے ؟ محمد ۔ ب ۔ ا ۔ ابہا ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس مسئلہ میں اہل علم کا بہت اختلاف ہے ۔ صحیح تر قول یہ ہے کہ تین آدمیوں کا ہونا کافی ہے ۔ ایک امام اور س کے علاوہ وہ اور آدمی ۔ جب کسی بستی میں تین ایسے آدمی موجود ہوں جو شر عا مکلف آزاد اور اس بستی کے رہنے ہوں تو وہ جمعہ قائم کریں، ظہر نہ پڑھیں ۔ کیونکہ نماز جمعہ کی مشروعیت اور فرضیت پر دلالت کرنے والے دلائل تین اور اس سے زیادہ جتنے بھی آدمی ہوں سب پر عام ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

جلد اول - صفحہ 73

محدث فتویٰ